PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

بی او جی کے 63ویں اجلاس کی کاروائی

لاہور، یکم جولائی 2021ء:

پاکستان کرکٹ بورڈ کے بورڈ آف گورنرز کا ورچوئل اجلاس 30 جون بروز بدھ کو منعقد ہوا۔ بی او جی کی یہ رواں سال میں تیسری اور مجموعی طور پر 63ویں میٹنگ تھی۔

اجلاس میں جن موضوعات پر اتفاق کیا گیا، ان کی تفصیلات مندرجہ ذیل ہیں:

بجٹ 22-2021:

بی او جی نے مالی سال 22-2021 کی منظوری دے دی ہے۔ آئندہ مالی سال کے لیے پی سی بی کا منظور شدہ کُل بجٹ 8.997 بلین روپے ہے۔ یہ بجٹ ہوم اور انٹرنیشنل کرکٹ، ڈومیسٹک کرکٹ، ایچ بی ایل پی ایس ایل 6 اور انتظامی امور پر خرچ کیا جائے گا۔

آئندہ مالی سال کے لیے منظور شدہ بجٹ میں گزشتہ سال کی نسبت 2 بلین روپے کا اضافہ کیا گیا ہے۔ اس کی بڑی وجہ پاکستان کی انٹرنیشنل سیریز کی تعداد میں 9 سے 16 تک اضافہ ہونا، ڈومیسٹک ایونٹس کی تعداد میں 11 سے 19 فیصد تک اضافہ ہونا، مینز اور ویمنز کرکٹرز کے ماہوار وظیفوں میں 10 سے 25 فیصد اضافہ ہونا، ہوم سیریز کی پراڈکشن اور کوویڈ 19 پروٹوکولز کے تحت ہوم کرکٹ سیریز کے لیے رقم مختص کرنا ہے۔

ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ 6:

بی او جی نے ایچ بی ایل پی ایس ایل 6 کو کامیاب انداز میں مکمل کرنے پر پی سی بی انتظامیہ کو مبارکباد پیش کی ہے۔ بی او جی نے اس موقع پر چھ فرنچائز مالکان اور تمام کھلاڑیوں کی تعریف کی ہے کہ جس طرح انہوں نے مشکل وقت بائیو سیکیور ببل میں گزار کر لیگ کو کامیاب بنایا۔

بی او جی نے لیگ کو کامیاب بنانے کے لیے پس پردہ اور سامنے رہتے ہوئے، دونوں طریقوں سے پیشہ ورانہ انداز اپنانے پر پی سی بی کی تعریف کی ہے۔

بی او جی کا مشاہدہ ہے کہ لیگ کے بقیہ میچز کے کامیاب انعقاد سے پی سی بی نے دنیا بھر میں پاکستان کا مثبت تشخص اجاگر کیا ہے۔ بی او جی کو بتایا گیا ہے کہ لیگ کے ساتویں ایڈیشن کا انعقاد پاکستان میں ہوگا۔ اس سلسلے میں تمام چھ فرنچائزز کی مشاورت سے سیزن 22-2021 کے لیے موزوں ونڈو کا انتخاب کیا جائے گا۔

دیگر امور:

بی او جی کو بتایا گیا ہے کہ پی سی بی نے 31-2024 کے سائیکل میں شامل آئی سی سی کے چھ ایونٹس کی میزبانی کے لیے ایکسپریشن آف انٹریسٹ جمع کروادیا ہے۔ ان چھ ایونٹس میں سے پی سی بی تین وینیوز پر کھیلی جانے والی آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 2025 اور 2029 کی میزبانی کا خواہاں ہیں۔ پی سی بی آٹھ وینیوز پر کھیلے جانے والے آئی سی سی ٹی ٹونٹی ورلڈکپ 2026 اور 2028 اور 10 مختلف وینیوز پر کھیلے جانے والے آئی سی سی مینز ورلڈکپ 2027 اور 2031 کی میزبانی میں شراکت داری کا خواہشمند ہے۔

آئی سی سی کی ایوولیشن کمیٹی اب پی سی بی کے ایکسپریشن آف انٹریسٹ کا بغور جائزہ لینے کے بعد اپنا فیصلہ کرے گی۔ ان ایونٹ کی میزبانی دینے کے عمل کا آغاز ستمبر میں شروع ہوگا۔ پی سی بی پر امید ہے کہ وہ کم از کم ایک ایونٹ کی میزبانی حاصل کرلے گا۔

بی او جی کو بتایا گیا ہے کہ سیزن 22-2021 میں بائیو سیکیور پروٹوکولز اور سیکورٹی انتظامات کے حوالے سے ریسٹر اڈا اور ای ایس آئی پی سی بی کی معاونت کریں گے۔ ستمبر 2021 سے مارچ 2022 تک پاکستان کو نیوزی لینڈ، انگلینڈ، ویسٹ انڈیز اور آسٹریلیا کی میزبانی کرنی ہے۔ پی ایس ایل 7 کے لیے بھی انہی دونوں کمپنیز کی خدمات حاصل کی جائیں گی۔

بی او جی کو آگاہ کیا ہے کہ رجسٹریشن کے عمل میں کُل 93000 سے زائد کھلاڑیوں اور 3800 سے زائد کلبز نے شرکت کی۔ ان کی اسکروٹنی کا عمل مکمل ہوتے ہی نچلی سطح پر کرکٹ کا آغاز کردیا جائے گا۔

بی او جی کو بتایا گیا ہے کہ چھ کرکٹ ایسوسی ایشنز کے فرسٹ بورڈز کے سربراہان کے ساتھ سہ ماہی بنیادوں پر اجلاس کے عمل کا آغاز ہوچکا ہے تاکہ ان کے چیلنجز کو سمجھ کر ان کی معاونت کی جائے گی۔

بی او جی کو افرادی قوت سے متعلق جائزہ بھی پیش کیا گیا، جس کے تحت ادارے کو ایک پیشہ ورانہ اور متحرک بورڈ بنانا ہے۔ بی او جی کو گورننس، رئیل اسٹیٹ، آئین اور قانونی امور کے بارے میں بھی مکمل اپ ڈیٹ سے آگاہ کیا گیا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications